# الانفطار

## شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

| | |
|---|---|
| ۱ | جب آسمان پھٹ جائے گا۔ |
| ۲ | اور جب تارے جھڑ پڑیں گے۔ |
| ۳ | اور جب سمندر ابل پڑیں گے۔ |
| ۴ | اور جب قبریں اکھیڑ دی جائیں گی۔ |
| ۵ | تب ہر شخص معلوم کر لے گا کہ اس نے آگے کیا بھیجا تھا اور پیچھے کیا چھوڑا۔ |
| ۶ | اے انسان تجھ کو اپنے رب کریم کے بارے میں کس چیز نے دھوکا دیا؟ |
| ۷ | وہی تو ہے جس نے تجھے بنایا پھر تیرے اعضاء کو درست کیا اور تیری قامت کو معتدل رکھا۔ |
| ۸ | جس صورت میں چاہا تجھے جوڑ دیا۔ |
| ۹ | مگر افسوس تم لوگ جزا کو جھٹلاتے ہو۔ |
| ۱۰ | حالانکہ تم پر نگہبان مقرر ہیں۔ |
| ۱۱ | یعنی معزز کاتبین۔ |
| ۱۲ | جو کچھ تم کرتے ہو وہ اسے جانتے ہیں۔ |
| ۱۳ | بیشک نیکوکار نعمتوں کی بہشت میں ہونگے۔ |
| ۱۴ | اور بدکردار دوزخ میں۔ |

| | |
|---|---|
| ۱۵ | یعنی جزا کے دن اس میں داخل ہوں گے۔ |
| ۱۶ | اور اس سے چھپ نہیں سکیں گے۔ |
| ۱۷ | اور تمہیں کیا معلوم کہ جزا کا دن کیسا ہے۔ |
| ۱۸ | پھر تمہیں کیا معلوم کہ جزا کا دن کیسا ہے۔ |
| ۱۹ | جس روز کوئی کسی کے کچھ کام نہ آسکے گا۔ اور حکم اس روز اللہ ہی کا ہو گا۔ |